شاہ پکچرز کا بہترین شاہکار

الجھن

اداکاران
شکیلہ۔ درگا کھوٹے۔ ہیرالال وغیرہ قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بک سیلرز دریبہ کلاں دہلی

(الہ آباد پریس دہلی)

خلاصہ کہانی کہتے ہیں جب جوانی آتی ہے تو سو فتنے ساتھ لاتی ہے لیلےٰ اور خالد بھی جب جوان ہوئے تو رقیبوں کی دیواریں چاروں طرف سے کھڑی ہو گئیں۔ انکی پاک محبت کو ادریا اور خود لیلےٰ کا باپ امیر عالم بھی غضبناک نگاہوں سے دیکھنے لگا۔ غصہ میں آدمی اندھا ہو ہی جاتا ہے۔ امیر عالم نے بلا سوچے سمجھے لیلیٰ کی شادی ہرام سے طے کر دی۔ آگے پردہ پر دیکھیں۔

لیلےٰ کے گانے

نمبر ۱

بے چین دل میں پیار ہے۔ آ تیرا انتظار ہے
نگاہ بے قرار ہے ہوا ہے خوش گوار ہے
ہر پھول پر نکھار ہے۔ چھائی ہوئی بہار ہے ... آ تیرا ....
یہ چاندنی کھلی ہوئی۔ شراب میں ملی ہوئی
یہ پھول مسکرا اٹھے ستارے جگمگا اٹھے ... آ تیرا ....
نظر نظر پیام ہے نفس نفس کلام ہے
قدم قدم سلام ہے ہونٹوں پہ تیرا نام ہے
گانا نہیں پکار ہے۔ آ تیرا انتظار ہے۔

نمبر ۲

تماشہ ہے بس یہ گھڑی دو گھڑی کا
بنا لے کسی کو یا ہو جا کسی کا
محبت کی رنگین دنیا میں کھو جا
نگاہوں سے پی اور مدہوش ہو جا
محبت بنا کیا مزا زندگی کا .... بنا لے کسی ......

میری کاکلوں سے ذرا دور رہنا

کوئی لے گیا دل نہ پھر مجھ سے کہنا

ہے چرچا یہاں میری جادوگری کا .... بنالے کسی .....

مَیں تیری خوشی ہوں۔ مَیں تیری ہنسی ہوں

ذرا دیکھ مجھ کو۔ تیری زندگی ہوں۔ مقدر بناتی ہوں میں آدمی کا

بنالے کسی کو .....

نمبر ۳

لڑکی :۔ نظروں میں نظریں ہیں آنکھوں میں پیار ہے

لڑکا :۔ تیرے میرے پیار کی یہ پہلی بہار ہے

لڑکی :۔ کھوئی ہوئی نظروں میں کھوئی سی کہانیاں

لڑکا :۔ ہنس ہنس کہتی ہیں تاروں کی جوانیاں

لڑکی :۔ تم میرے سامنے تو دنیا جوان ہے۔ ہم دل گئے پہلی نظر میں مل

تیری میری خوشیوں کے پھول کھل گئے

کھلے کھلے پھولوں پہ کتنا نکھار ہے .... تیرے میرے ...

تیرے میرے پیار کا ہے دشمن زمانہ

کانٹوں سے پھولوں کا دامن بچانا

جہاں جہاں پھول ہے وہیں وہیں خار ہے .... تیرے میرے ....

نمبر ۴

سنتے جاؤ میری خاموش نگاہوں کا سلام

میرے محبوب تمہیں میری وفاؤں کا سلام

دل لئے جاتے ہو تم درد دیئے جاتے ہو

لیلیٰ

جانے والے مجھے برباد کئے جاتے ہو

اب کرے چاہنے والا تو بھروسہ کس پر
چھوڑے جاتے ہو مجھے جان تمنا کس پر
کیوں تڑپنے کی سزا دل کو دیئے جاتے ہو ... جانے والے...
دل کی دھڑکن بھی تیری یاد بنی جاتی ہے
سانس جو بھی ہوں فریاد بنی جاتی ہے
یہ صلہ تجھ کو وفاؤں کا دیئے جاتے ہو... جانے والے...
جانتی ہوں مجھے تم چھوڑ کے مجبور چلے
دل کے کچھ اور قریب آ گئے جب دور چلے
دل کے زخموں کو نگاہوں سے سیئے جاتے ہو... جانے والے...

نمبر ۵

کورس:۔ دھن تارا رے دھن تارا ۔ ہو جا ہو جا نو دو گیارہ
اِک تارا بجے نا رے بن تارا ، دھن تارا
لڑکی:۔ نظروں نے تیر مارا ، پہلو میں دل پکارا
کورس:۔ اک تارا بجے نہ رے بن تارا ، دھن تارا رے...
لڑکی:۔ دولہا سے گھونگھٹ کر لے ، ذرا میدھی پہ لٹا کر لے
آتا ہے شہر کا قاضی ، جو کرنا ہے جھٹ پٹ کر لے
تیری زلف گھٹا ہے کالی ، تیری آنکھ ہے مے کی پیالی
کہتی ہے رخ کی لالی ، کہیں بجلی ہے گرنے والی
کورس:۔ ہو جا ہو جا نو دو گیارہ ۔ اِک بجے نہ رے بن تارا
دھن تارا رے دھن تارا

لڑکی:۔ بڑے بڑے ہیں دُنیا والے ، نرالا صیاد کے پالے
ہم بھی ہیں دُنیا والو۔ ہیں آفت کے پرکالے

کورس:۔ ہو جا ہو جا نو دو گیارہ، اِک تارا بجے سُر سے بن تارا
دھن تارا رے دھن تارا ... اِک تارا

نمبر ۶

لڑکا:۔ مَیں نوکر چوکیدار کا ، تو باندی بیگم کی
لڑکی:۔ جوڑی ملے کیسے بنا جھگڑے اور غم کی
دِل لگی میں دِل دیا سمجھا تجھے قابل
کیا خبر تھی بے وفا نکلے گا تو قاتل
اب دے رہا ہے پیار کی اُلٹی مجھے دھمکی .... جوڑی ملے ....

لڑکا:۔ مانا کے مَیں نہیں ہوں تیرے پیار کے قابل
نظریں پھرا کے اس طرح مت توڑ میرا دِل
کٹتی نہیں ہے رات یہ تیرے بنا غم کی ... جوڑی ملے ....
ٹھمک ٹھمک مَیں چلوں، اور چھک چھک چلے
دیکھ کر جی یہ میرا جلے، بتا پھر جوڑی کیسے ملے

لڑکا:۔ مَیں نوکر چوکیدار کا ، تو باندی بیگم کی
مشکل بڑی ہے زندگی ٹم ٹم کے واسطے
جھگڑا ہی پیار کرتا ہے یہ ٹیڑھے راستے
اُلفت کے اس سفر میں خدا اپنی چھوڑ دے
ٹم ٹم کو میرے پیار کے جھگڑے سے جوڑ دے ... میری جان..

دونوں:۔ لو چاند نکلا ہٹ گئی کالی گھٹا غم کی

یوں مل گئی جوڑی یہ چھکڑے اور ٹم ٹم کی

لڑکی:۔ ٹما ٹم ٹم ٹماک ہیں چلوں، چھما چھم چھم چھماک تو چلے
جوڑ چھکڑے اور ٹم ٹم کی ملے۔ دیکھکر دُنیا ساری جلے

لڑکا:۔ چھم چھما چھم
لڑکی:۔ ٹم ٹما ٹم . . . . . .

نمبر ۵

حسرتیں برباد ہیں ارماں ہمارے لُٹ گئے
پیار کی منزل سے پہلے غم کے مارے لُٹ گئے
چاندنی راتیں وہ چوری کی ملاقاتیں کہاں
خواب ہو کر رہ گئیں وہ پیار کی باتیں کہاں
اب اندھیرا آسماں ہے چاند تارے لُٹ گئے ... پیار کی منزل...
آ کہ تجھ بن ہر قدم پر ٹھوکریں کھاتے ہیں ہم
بھول نے والے کبھی تجھ کو بھی یاد آتے ہیں ہم
آسرا تیرا ہے باقی سب سہارے لُٹ گئے ... پیار کی منزل ...
در بدر ہوں جیسے کہ میرا خدا کوئی نہیں
ڈوبتی کشتی ہوں جسکا ناخدا کوئی نہیں
موجیں اب روئیں کہاں جا کر کنارے لُٹ گئے ... پیار کی منزل ...

نمبر ۶

دِل والوں کی جیت ہوئی اور سارا زمانہ ہار گیا
اپنا تو نشانہ پر بیٹھا دشمن کا خالی وار گیا
جام یہاں خوشیوں کے دیکھ چھلکے چھلکے چھلکے

خاک ہو گئے جلنے والے جلکے جلکے

پیار کے کھیل میں جھوٹا ہارا۔ سچا بازی مارا... دل والوں....
ڈر ڈر کے محبت کرتے تھے چھپ چھپ کے دو دلوں ملتے تھے
ہر روز بہاریں آتی ہیں، ہر روز نئے گل کھلتے تھے.... دل والوں..
اس گلشن میں سدا ہی بلبل چہکے چہکے چہکے
گلی گلی میں پیار کی خوشبو مہکے مہکے مہکے
دو دلوں نے جو اقرار دیا پورا ہوا اقرار گیا... دل والوں....
اب دل کے چمن میں ارمانوں کے پھول کھلے پیارے
غم کے بادل دور ہو گئے اور چمکے چاند ستارے... دل والوں...

ختم شد